## سوال

(658)حدیث کی تحقیق

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہ حدیث مبارکہ بخاری شریف میں کہاں ہے کہ حضرت جناب سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے آخری نبی بنا دیں فرمایا نہیں کہا مجھے آخری امت عطا کر دے یا یہ جس طرح حدیث مبارکہ ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث مجھے بخاری شریف میں نہیں ملی اور نہ مجھے کسی اور کتاب سے مستحضر ہے ہاں بخاری شریف میں معراج والی حدیث میں یہ لفظ موجود ہیں

«فَلَمَّا تَجَاوَزْتُ بَکٰی قِیْلَ لَہُ مَا یُبْکِیْکَ قَالَ اَبْکِیْ لِاَنَّ غُلاَمًا بُعِثَ بَعْدِیْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِہِ اَکْثَرُ مِمَّنْ یَدْخُلُہَا مِنْ اُمَّتِیْ» (بخاری مع فتح الباری ج 7 ص 202)

’’جب میں آگے بڑھا موسیٰ علیہ السلام رو پڑے موسیٰ علیہ السلام کو کہا تجھ کو کس چیز نے رلایا موسیٰ علیہ السلام نے کہا میں اس لیے رویا کہ میرے بعد ایک نوجوان لڑکا نبی بنا کر بھیجا گیا اس کی امت میری امت سے زیادہ جنت میں داخل ہو گی‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

فضائل وخصائل کا بیان ج1ص471